ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

27-09-2021

# بہاولپور()ڈی پی او محمد فیصل کامران کی کھلی کچہری،شہریوں کی شکایت پر 02 ایس ایچ اوز کی سرزنش،07دن کے اندر ملزمان کی گرفتاری ومقدمات کوریکسوکرنے کا حکم،کاغذی کارروائیاں کسی صورت برداشت نہیں،ٹائم پاس کرنے والے کسی عہدہ کے اہل نہیں،شہریوں کے مسائل کا حل میری اولین ترجیح ہے،ڈی پی او محمد فیصل کامران۔

تفصیلات کے مطابق وزیراعلی پنجاب سردار عثمان بزدار اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کے عوامی مسائل کے فوری حل کے حوالے سے جاری احکامات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری

منعقد کرنے کا سلسلہ جاری، 47 شہریوں نے اپنے مسائل کے حل کیلئے ڈی پی او آفس کا رخ کیا، ڈی پی او نے متعلقہ افسران کو لائیو کالز پر لیتے ہوئے قانون کے مطابق کارروائی کرنے کے احکامات جاری کیے۔شہری نذیر احمد کی درخواست پر تھانہ ڈیرا اور جبکہ غلام قادر کی درخواست پر تھانہ ڈیرہ نواب صاحب کے ایس ایچ اوز کی سرزنش کی،مقدمات میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرنے کے ساتھ ساتھ مقدمات کو یکسو کرنے کے لیے 07 دن کی ڈیڈ لائن دی،جس پر شہریوں نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے شکریہ ادا کیا، دیگر درخواستوں پر متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو معاملات کی تحقیقات کرنے کے بعد کارروائی کرنے اور رپورٹس بھجوانے کا حکم دیا،اس موقع پر ڈی پی او محمد فیصل کامران نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری سے بھجوائی جانے والی درخواستوں پر متعینہ وقت کے اندر اندر کارروائی کر کے واپسی رپورٹس بھجوائی جائیں، جرائم کی روک تھام کے ساتھ عوام کو فوری ریلیف دینا بھی ہماری ذمہ داری ہے،کاغذی کارروائیاں کسی صورت برداشت نہیں،ٹائم پاس کرنے والے کسی عہدہ کے اہل نہیں،شہریوں کے مسائل کا حل میری اولین ترجیح ہے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس



بہاول پور:ڈی پی او محمد فیصل کامران کی روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری لگانے کا سلسلہ جاری، سائلین کے مسائل سن کر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

27-09-2021

**بہاول پور() ڈی پی او محمد فیصل کامران نے گزشتہ روز چہلم حضرت امام حسینؓ کے حوالے سے جلوس اور مجالس کی سیکیورٹی انتظامات کو چیک کیا،جلوس چھوٹا ہو یا بڑا،فول پروف سیکیورٹی اور پرامن ماحول فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے،تمام افسران الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دیں،سستی ولاپرواہی برداشت نہیں،ڈی پی او۔**

تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران گزشتہ روز چہلم حضرت امام حسینؓ کے حوالے سے جلوسوں اور مجالس کی سیکیورٹی چیک کرنے خود نکلے، انہوں نے تھانہ کوتوالی کے علاقہ سے برآمد ہونے والے جلوس کا وزٹ اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا،اس موقع پر متعلقہ افسران بھی موجود تھے جنہوں نے سیکیورٹی بارے بریف کیا،ڈی پی او نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ چہلم کے حوالے سے سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے ہیں،جاری کردہ سیکیورٹی پلان پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنایا جارہا ہے،جلوس چھوٹا ہو یا بڑا تمام کو بہترین سیکیورٹی اور پرامن ماحول فراہم کیا جارہا ہے جو کہ ہماری ذمہ داری ہے،ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ ڈیوٹی پر مامور ملازمان کو ڈیوٹی شروع ہونے سے پہلے ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں بریف کیا جائے،ڈیوٹی میں سستی ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی،شرپسند عناصر اور مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھی جائے،ڈیوٹی پر مامور پر افسران وملازمان اپنی ڈیوٹی الرٹ اوراحسن طریقے سے سرانجام دیں،مقامی انتظامیہ سے ملکر اس بات کی تسلی کریں کہ جلوس کے دوران کسی بھی اجنبی شخص کو بغیر شناخت کے جلوس ہائے میں داخل ہونے سے روکا جائے،چہلم کے سلسلہ میں تمام تر وسائل کو بروئے کار لاکر ضلع بہاول پور میں عزاداران کی سیکیورٹی کو یقینی بنایا جائے،تمام شہریوں کی جان ومال کی حفاظت ہماری اولین ڈیوٹی میں شامل ہے، انہوں نے مزید کہا کہ ڈسٹرکٹ پولیس چہلم کے دوران کسی بھی ناگہانی صورت حال/ایمرجنسی سے نمٹنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہے۔



بہاول پور: ڈی پی او محمد فیصل کامران چہلم حضرت امام حسین کے حوالے سے جلوس کی سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز

27-09-2021

**بہاولپور() تھانہ صدر بہاولپور پولیس کی اہم کارروائی، سنگین مقدمات میں ملوث، 05 ملزمان گرفتار، مزید انیٹروگیشن جاری، لاکھوں روپے مالیتی مال مسروقہ برآمد، وارداتوں میں استعمال ہونے والا ناجائز اسلحہ بھی برآمد، مقدمات درج، برآمدشدہ مال مسروقہ مالکان کے حوالے کیا گیا، شہریوں کی اثاثوں کی لوٹ مار کرنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جارہا ہے، کوئی بھی مجرم قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکے گا، ڈی پی او محمد فیصل کامران۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان اورایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر)ظفر اقبال اعوان کے احکامات کی روشنی میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی ٹاسکنگ کے نتیجے میں تھانہ صدر بہاولپور پولیس نے اہم کارروائی کرتے ہوئے ڈکیتی اورسرقہ بالجبر کے مقدمات میں ملوث 05 ملزمان کوگرفتار کرلیا، جن کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیتی مال مسروقہ برامد کرنے کے علاوہ وارداتوں میں استعمال ہونے والا ناجائز اسلحہ بھی برآمد کرلیا، مقدمات درج بھی کرلیے، گرفتار ملزمان میں شکیل، عادل، نجیب، عاطف اورواحد شامل ہیں، گرفتار ملزمان کی نشاندہی برآمد ہونے والا مال مسروقہ میں 01 عدد موٹرسائیکل، 23 لاکھ 70 ہزار روپے برآمد کرلیا، جن سے مزید انیٹروگیشن جاری ہے جبکہ ملزمان سے دوران انیٹروگیشن وارداتوں میں استعمال ہونے ناجائز اسلحہ 04 پسٹل 30 بھی برآمد کرکے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے، قانونی طریقے کے بعد برآمدشدہ مال مسروقہ کواصل مالکان کے حوالے کیا گیا، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نے اپنے پیغام میں کہا کہ شہریوں کے اثاثوں کی لوٹ مار کرنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹیں گےعوام کویقین دلاتے ہیں کہ کوئی بھی مجرم قانون کی گرفت سے بچ نہیں سکے گا، بہاول پور پولیس شہریوں کی حفاظت کے لیے دن رات محنت کررہی ہے، اگرکوئی جرم سرزد ہوتا ہےتواس کوٹریس کرنااورشہریوں کا کھویا ہوا مال برآمد کرنا پولیس کے لیے ایک ٹاسک ہوتا ہے جس کوتھانہ صدر بہاول پور پولیس نے بخوبی نبھایا ہے، ڈی پی او نے صدر بہاول پور پولیس کی کارکردگی کوسراہا اور مستقبل میں بھی ایسی کارروائیاں کرنے کے لیے ضلع بہاول پور کے تمام ایس ایچ اوز کوٹاسک دیئے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس



بہاول پور: تھانہ صدر بہاول پور پولیس کی اہم کارروائی، 05 ڈکیت گرفتار، لاکھوں روپے مالیتی مال مسروقہ برآمد، برآمدشدہ مال مسروقہ مالکان کے حوالے۔